مسلمانوں کی ترقیات اور اکتشافات و انکشافات کے بہت سے پہلو اس میگزین میں بیان ہو گئے ہیں، نیز اسلام کی بعض عبادات اور ادارات پر بھی لکھا گیا ہے۔ میگزین کو مرتب کرنے والے نوجوانوں اور اُن کے سربراہ اساتذہ کو ہم تبریک پیش کرتے ہیں۔

ندریس | مجلہ اسکول آف آرمی ایجوکیشن (۱۹۸۲ء) اپٹو باہری۔ مدیر کیپٹن ریاض انجم

مندرجات میں "قرآن ایک تعلیمی رہنما" (کیپٹن ریاض انجم) "خطاطی تاریخ کے آئینے میں" (اسلم کمال) "اُردو حروف کا تشکیلی سفر" (صوبیدار غلام محمد شیدا) "درخت کتھے لانواں" (میجر انور خان انور) اچھے مضامین ہیں۔ انگریزی میں میجر فاروق حسن، شبیر حسین جعفری، کیپٹن انجم مسعود، صوبیدار بشیر احمد، ڈی ڈی آیرنج وڈ کی تحریریں اچھی ہیں۔ دیگر مضامین کی افادیت سے کیا انکار[1]!

اسلم کمال کے ڈیزائن کردہ ٹائیٹل کی شان میں گستاخی تو نہیں کی جاسکتی، مگر رنگوں کی ترتیب ایسی ہے کہ جو الفاظ لکھے گئے وہ کوشش سے ...... دریافت ہوتے ہیں۔ پہلے شوخ رنگوں کی دو بے ڈھنگی اشکال ذہن پر مسلط ہو جاتی ہیں۔

زنداں میں اذاں | مجموعہ کلام سید جمال احمد امین آبادی۔ ناشر: مکتبۃ الحسنات رام پور (بھارت)

قیمت: ۴/- روپے

سید جمال احمد کی شاعری ابھی ابتدائی اُبھار اور فشار کے دور میں ہے۔ طبیعت بہت موزوں ہے۔ گُلِ خیال کا رُوئے تاباں غازۂ جمال کے ساتھ پیش کرتے ہیں۔ وہ پراگندہ فکر، آوارہ خیال اور کوچہ گرد قسم کے شاعر نہیں ہیں، ان کے ہاں آورش ہے، غایت ہے، اور وہ غایت زندگی کی لازوال صداقتوں کی شعاعوں سے انسانیت کی اعلیٰ قدروں کو نشوونما دینا ہے۔ سید جمال کا ایک مجموعہ ۱۹۶۵ء میں چھپ چکا ہے۔ یہ مجموعہ ان شعری کاوشوں پر مشتمل ہے جنھیں انہوں نے جیل میں رہ کر جامۂ اظہار پہنایا

---

[1] "وہ شخص اب یہاں نہیں ملے گا" میرا مصرع ہے۔ میں اس کی تعریف نہیں کرتا۔ لیکن یہ ایک شخصیت کے سامنے متعلق ہو کر مشہور ہوا ہے۔ اس مصرع کو اُٹھا کر کسی دوسری جگہ استعمال کرنا مغالطہ انگیز ہوسکتا ہے۔

دو تین شعر ملاحظہ ہوں:

الفتِ دوست کی فطرت بھی ہے کس درجہ غیور — غیر کا اس پہ تصوّر بھی گراں ہوتا ہے
خرد والو تمہاری جستجو معلوم ہے ہم کو — بہت اونچے گئے تو منزلِ انکار تک پہنچے
ہے وہ بھی آدمی جیسے ائے دورِ بے حسی! — احساسِ درد و سوزِ غم آدمی نہیں
ہر سانس کہہ رہی ہے میں دستکِ اجل کی ہوں — نشتر رکھے ہوئے ہیں رگِ جاں کے آس پاس

سلمان الخیر از ابن الشکور - ناشر: عارف پبلیکیشنز - ۹۵ ارنا جلم روڈ - بنگلور ۵۱ (بھارت)
قیمت: ۶/- روپے

یہ حضرت سلمان رضؓ فارسی کی سیرت و سوانح ہے۔ حضرت سلمان فارسی بڑا لمبا ذہنی اور جسمانی سفر کر کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ تک پہنچے اور یہی اُن کی منزلِ شوق تھی۔ اسلام میں آنے کے بعد اپنا دَور بڑی والہیت اور فداکاری سے گذارا۔ نوجوان مؤلف نے حضرت سلمان کے حالات کو ایک مختصر کتاب میں جمع کر دیا ہے۔ ان کی یہ خدمت خاصی مفید ہوگی۔ اس سے پہلے وہ زید بن حارثہ اور بعض دوسرے بزرگوں پر بھی لکھ چکے ہیں۔ کتاب کی ترتیب کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔ بصورت موجودہ انداز رسالوں کا سا ہے۔

"مکالماتِ نبوی" کے ملنے کا پتہ (جو پچھلی مرتبہ کتاب کے تعارف کے ساتھ درج نہیں ہو سکا)
مکتبۂ نذیریہ - چناب بلاک - علامہ اقبال ٹاؤن - لاہور

فقہ الزکاۃ مجلد	یوسف القرضاوی حصہ اوّل و دوم		۵۰/- روپے
	" سوم و چہارم		۶۰/- "
سفرِ شوق	فرید احمد پراچہ		۱۵/- "
انسانی زندگی میں جمود و ارتقاء	محمد قطب		۲۵/- "

۱۹۸۳ء کا کیلنڈر مفت طلب فرمائیں

البدر پبلیکیشنز - ۲۳ راحت مارکیٹ - اردو بازار - لاہور ۲